Roll No.

No. of Questions - 11

SS–22–Urdu Sah.

No. of Printed Pages - 7

SENIOR SECONDARY EXAMINATION, 2015

URDU SAHITYA

Time : $3\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں.

vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

1. مندرجہ ذیل اقتباسات کو غور سے پڑھیئے اور کسی ایک اقتباس پر مشتمل سوالات کے جواب لکھیے۔

(الف)

اس کمرے کے برابر ایک کمرہ تھا۔ اس میں ایک طوائف رہتی تھی۔ بود و باش کا طریقہ اور رنڈیوں سے بالکل علیحدہ تھا نہ کمرہ پر کسی نے سر راہ بیٹھے دیکھا نہ وہاں کسی کی آمد و رفت تھی۔ دروازوں پر دن رات پردے پڑے رہتے تھے۔ چوک کی طرف نکاس کا راستہ بالکل مقفل رہتا تھا۔ گلی کی جانب ایک اور دروازہ تھا۔ اس سے نوکر چاکر آتے جاتے تھے۔ اگر کبھی کبھی رات کو گانے کی آواز نہ آیا کرتی تو یہ بھی نہ معلوم ہوتا کہ اس کمرے میں کوئی رہتا بھی ہے یا نہیں۔

سوالات: (i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کریں اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیں۔ 5

(ii) دن رات پردے کہاں پڑے رہتے تھے؟ 1

(iii) کمرے کے برابر ایک کمرہ تھا اس میں کون رہتا تھا؟ 1

(iv) اقتباس آئے لفظ مقفّل کی معنی لکھیں؟ 1

(ب)

تو شروع کرتا ہوں نام لے کر اس خدا کا، جس نے یہ دنیا بنائی۔ اس خدا کی خدائی میں ایک ملک تھا کہ نام تھا جس کا ملک ہوا۔ کیونکہ وہاں کے باسی ہواؤں سے ہی اپنی ضرورت پوری کیا کرتے تھے۔ اس ملک ہوا کا بادشاہ جب مرنے لگا تو اپنے جوان بیٹے کو یہ وصیت کی کہ بیٹا اپنے محل کہ سارے کمرے کھولنا مگر وہ تالا کبھی نہ کھولنا جو ایک سرنگ کے دروازے پر لگا ہے۔ کیونکہ اس سرنگ میں آگ، پانی، مٹّی اور ہوا ایک ساتھ قید ہیں اور یہ ایک ایسا عجوبہ ہے جو ملک ہوا کے باشندوں کے عقل وفہم سے باہر ہے۔

سوالات: (i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کریں اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیں۔ 5

(ii) یہ دنیا کس نے بنائی ہے؟ 1

(iii) کس ملک کے باسی ہواؤں سے اپنی ضرورت پوری کرتے تھے؟ 1

(iv) سرنگ میں ایک ساتھ کیا کیا چیزیں قید تھیں؟ 1

2. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ (100) سو الفاظ میں لکھیں: 6

(i) مچھّر

(ii) لمحے

(iii) فوٹوگرافر

3. مندرجہ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی **ایک** نثر نگار کی سوانح حیات اور طرز تحریر لکھئے : 6

(i) خواجہ حسن نظامی

(ii) کرشن چندر

(iii) مرزا غالبؔ

4. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** حصہّ کی تشریح کیجئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے : 8

(الف)

تو نے لاکھوں بہاریں دیکھی ہیں
اب کی اس ملک کی بہار ہے اور
وادیاں گونجتی ہیں نعروں سے
سازو اہنگ آبشار ہے اور
قافلہ انقلاب کا ہے رواں
بج رہی ہے خوشی کی شہنائی
زلزلوں سے دہل رہی ہے زمیں
لے رہے ہیں پہاڑ انگرائی

(ب)

(i) اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو

کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم

(ii) زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی

شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی

(iii) جب لگیں زخم تو قاتل کو دعا دی جائے

ہے یہ رسم تو یہ رسم اٹھا دی جائے

(iv) جنگل میں ہوئی ہے شام ہم کو

بستی سے چلے تھے منھ اندھیرے

.5 مندرجہ ذیل شعرا میں سے کسی **ایک** شاعر کی سوانح حیات اور کلام کی خوبیاں تحریر کریں: 6

(i) مولانا الطاف حسین حالؔی

(ii) اقبالؔ

(iii) آرزو لکھنوی

6. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی **ایک** نظم کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 6

(i) زندگی سے ڈرتے ہو

(ii) یادنگر

(iii) ارتقا

7. خیابان اُردو کے درج ذیل مضامین میں سے کسی **ایک** کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں : 6

(i) کلرک کی موت

(ii) جھلتی جھاڑی

(iii) جنم دن

8. مندرجہ ذیل سوالات میں سے دو کے مختصر جواب لکھیے : 1 + 1 = 2

(i) ''پطرس بخاری'' کے انشائیہ کا نام کیا ہے ؟

(ii) کہانی ''جھلتی جھاڑی'' کے مصنف کا نام لکھیں؟

(iii) پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟

(iv) ''یہودی کی لڑکی'' کے ڈرامہ نگار کون ہیں؟

9. مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تفصیل سے لکھیں : 8 + 8 = 16

(i) دبستان دہلی کی اہم خوبیاں بیان کیجئے۔

(ii) اردو زبان کی اِبتدا پر اظہار خیال کریں۔

(iii) دہلی کالج کی ادبی خدمات بتائیں۔

(iv) ترقی پسند تحریک پر ایک جامع نوٹ لکھئے۔

10. مندرجہ ذیل اصناف میں سے کسی **ایک** صنف پر مختصر نوٹ لکھیے : 8

(i) ناول

(ii) خاکہ

(iii) غزل

11. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھیں : 8

(i) جہیز ایک لعنت

(ii) تعلیم نسواں

(iii) منشی پریم چند بحیثیت ناول نگار

(iv) ماحولیاتی تحفظ